TARGET
Keep Antibiotics Working

NHS

# پیڈ یا پیشاب جمع کرنے والے بیگ کی مدد سے پیشاب کا نمونہ لینے کا طریقہ

شیرخوار بچوں اور چھوٹے بچوں کےلیے

## پیشاب جمع کرنے والے بیگ

**1**



نمونہ لینے سے پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھ صابن اور پانی سے دھوئیں۔

**2**



بچے کی شرم گاہ کو صاف کرکے اچھی طرح خشک کریں۔

**3**



بیگ کو بچے کے شرم گاہ کے اردگرد جلد پر اچھی طرح چپکا دیں، پھر ڈائپر پہنا دیں۔

**4**



جب بچہ پیشاب کر لے تو اپنے ہاتھ دھوئیں، بیگ کو آہستگی سے اتاریں، ایک کونا کاٹیں اور پیشاب کو جراثیم سے پاک ڈبے میں ڈال دیں۔ بیگ کو ڈبے کے اندر والے حصے سے نہ لگنے دیں۔

**5**



ڈبے کا ڈھکن فوراً لگا کر اچھی طرح بند کر دیں۔

## پیشاب جمع کرنے والے پیڈ

**1**



نمونہ لینے سے پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھ اچھی طرح دھو لیں۔

**2**



پیڈ کو ڈائپر کے اندر رکھیں اور بچے کو معمول کے مطابق ڈائپر پہنائیں۔ ہر 10 منٹ بعد دیکھیں کہ پیڈ گیلا ہوا ہے یا نہیں۔ پیڈ کو 30 منٹ سے زیادہ نہ رہنے دیں، کیونکہ اس سے نمونے میں جراثیم جانے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

**3**



ہر 30 منٹ بعد نئے پیڈ کا استعمال کر کے اس عمل کا آغاز کریں، یا اگر بچے نے پاخانہ کر دیا ہو تو فوراً نیا پیڈ لگائیں، جب تک بچہ کسی میں پیشاب نہ کر لے۔

**4**



پیڈ ہٹانے سے پہلے اپنے ہاتھ دھو لیں۔ دی گئی سرنج سے پیڈ میں موجود پیشاب نکالیں اور اسے جراثیم سے پاک ڈبے میں ڈال دیں۔ سرنج کو ڈبے کے اندر والے حصے سے نہ لگائیں۔

**5**



ڈھکن کو فوراً ڈبے پر لگا کر اچھی طرح بند کر دیں۔

**6**



روئی، جالی دار کپڑے یا کسی اور قسم کے پیڈ استعمال نہ کریں، کیونکہ ان سے ٹیسٹ کے نتائج متاثر ہو سکتے ہیں۔

## عام ہدایات

- نمونہ لینے سے پہلے **بچے کی شرمگاہ کے حصے کو اچھی طرح صاف اور خشک کریں۔**
- پیشاب کا نمونہ لینے سے پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھ صابن اور پانی سے اچھی طرح دھوئیں۔
- **جراثیم سے پاک ڈبہ اس وقت تک نہ کھولیں** جب تک آپ نمونہ لینے کےلیے تیار نہ ہوں۔
- **صرف وہی پیڈ یا بیگ استعمال کریں جو** آپ کے صحت کی دیکھ بھال کرنے والے نے آپ کو دیا ہو اور اس کے استعمال کا طریقہ سمجھایا ہو۔ ان کی تمام ہدایات پر عمل کریں جو آپ کو دی گئی ہوں۔
- **ڈبے کے اندر والے حصے کو ہاتھ نہ لگائیں،** اور کوشش کریں کہ بچے کی شرمگاہ بھی ڈبے کے کسی حصے کو نہ چھوئے۔
- اگر آپ کے صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ماہر نے کہا ہو تو **نمونہ جمع کرنے سے پہلے ڈبے پر لیبل لگا دیں۔**

## معلومات کا خلاصہ

### پیشاب کا نمونہ لینے والے آلات استعمال کرتے وقت ہدایات پر احتیاط سے عمل کرنا کیوں ضروری ہے؟

صحیح طریقے سے ہدایات پر عمل کرنے سے نمونے میں جراثیم شامل نہیں ہوتے، جس سے ٹیسٹ کے نتائج زیادہ درست آتے ہیں۔

### کیا میں گھر کا کوئی جار یا ڈبہ استعمال کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ کو پیشاب کا نمونہ لینے کےلیے وہی ڈبہ استعمال کرنا چاہیے جو آپ کے صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ماہر نے آپ کو دیا ہے۔

### کیا اس بات سے فرق پڑتا ہے کہ میں نمونہ کب جمع کروں؟

کوشش کریں کہ پیشاب کا نمونہ اپنی مقررہ ملاقات کے قریب ترین وقت میں جمع کریں تاکہ نمونہ بہترین معیار کا ہو۔

**مزید معلومات کےلیے یہاں اسکین کریں**

## پیشاب کا نمونہ واپس کرنے کےلیے مشورے

- ✓ **نمونہ جلدی سے واپس کریں۔** کوشش کریں کہ اسے دو گھنٹے کے اندر اپنے صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کے پاس پہنچا دیں۔
- ✓ **اسے ٹھنڈی جگہ پر رکھیں**
  اگر آپ نمونے کو فوراً نہیں لے جا سکتے تو ڈبے کو پلاسٹک کے تھیلے میں رکھ کر فریج میں رکھ دیں، جب تک اسے واپس نہ لے جا سکیں۔
- ✓ **نمونہ جمع کرانے کا آخری وقت ضرور معلوم کریں۔**
  پوچھیں کہ نمونہ جمع کروانے کا آخری وقت کیا ہے, تاکہ نمونہ اسی دن لیبارٹری پہنچ سکے۔
- ✓ **صرف خاص جراثیم سے پاک ڈبے استعمال کریں**
  کچھ ڈبوں میں ایک محفوظ کرنے والا پاؤڈر ہوتا ہے اور ان پر بھرنے کی حد کی ایک لکیر بنی ہوتی ہے۔ کوشش کریں کہ پیشاب اس لکیر تک بھریں، لیکن اگر آپ ایسا نہ کر سکیں تو جتنا پیشاب ممکن ہو اتنا جمع کر لیں۔

© کراؤن کاپی رائٹ 2026۔ ورژن 1۔ شائع شدہ: جولائی 2026 نظرثانی کی تاریخ: جولائی 2029۔ یہ دستاویز صحت کے ماہرین، مریضوں اور ماہر طبی اداروں کے ساتھ مل کر تیار کی گئی ہے۔ TARGET کو برطانیہ کی ہیلتھ سیکیورٹی ایجنسی چلاتی ہے۔